# 146921 ـ اگر مرد اور عورت گھر میں نماز پڑھیں تو کیا آذان اور اقامت کہیں گے؟

**سوال**

سوال: کیا عورت گھر میں نماز پڑھتے ہوئے صرف اقامت پر اکتفاء کرسکتی ہے؟اور اگرمرد مسجد میں نماز سے لیٹ ہوجائے اور گھر میں ہی نماز پڑھنے لگے –چاہے وقت پر ادا کرے یا وقت گزرنے کے بعد ادا کرے۔ تو کیا اس کے لئے بھی اقامت کافی ہے؟ یا اسے آذا ن بھی دینی پڑے گی؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

"مرد کیلئے صرف اقامت  ہی کافی ہے، کیونکہ اس نے آذان سنی ہے، اور مسلمانوں نے آذان دے دی ہے ، چنانچہ اس کیلئے اقامت ہی کافی ہوگی ، جبکہ عورت پر آذان اور اقامت کچھ نہیں ہے، عورت بغیر آذان اور اقامت کے نما زادا کریگی" انتہی

سماحۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ .